ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(63)

28-01-2023

بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری،17 ملزمان گرفتار،365 لیٹر دیسی شراب،01 عدد پسٹل 30 بور اور قبحہ خانہ سے متعدد ملزمان گرفتار،مقدمات درج ۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بہاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات برآمد کر لی۔تھانہ سٹی حاصلپور،صدر حاصلپور،عنائیتی،ڈیرہ نواب صاحب،صدر احمد پور شرقیہ اور کوتوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 09 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 365 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 01 ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے پسٹل 30 بور برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے قبحہ خانہ سے 05 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔تھانہ صدر حاصلپور پولیس نے پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف کاروائی کرتے ہوئے 01 ملزم کو گرفتار کر لیا۔تھانہ صدر یزمان پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے والے 01 ملزم کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں،معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری، 24 گزشتہ گھنٹوں کے اندر مختلف مقدمات میں 17 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(64)

28-01-2023

بہاولپور( )ڈی پی او عبادت نثار نے بہاولپور کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے اور تمام قومی وصوبائی شاہراہوں سمیت ضلع بھر کی تمام سڑکوں کو محفوظ بنانے کے لئے کل وقتی اور موثر پولیس پٹرولنگ کے احکامات جاری کر دیئے، ہر قسم کی مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو وارداتوں سے محفوظ رکھنا ہمارا اولین فرض ہے جس کے لئے ہم دن رات کوشاں ہیں،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر آف جنوبی پنجاب کی پالیسی 'جرائم سے پاک معاشرہ 'اس ضمن میں جاری ہدایات کی روشنی اور 24/7 پولیسنگ کا تسلسل میں ضلع بھر کے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی حکمرانی کے حوالے سے پولیس کی کارکردگی اس بات پر منحصر ہے کہ مارکیٹس ، رہائشی علاقے اور عام سڑکیں کس قدر محفوظ ہیں، انہوں نے کہا کہ "پر امن بہاولپور " کی منزل حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو ہر حوالے سے محفوظ بنایا جائے۔اس ضمن میں سڑکوں پر پولیس کی کل وقتی پٹرولنگ ناگزیر ہے جسے ضلع بھر میں لازمی قرار دے دیا گیا ہے،اس پٹرولنگ کو میں خود مانیٹر کروں گا، پٹرولنگ کرنے والے افسران کی پوزیشن پوچھوں گا اسے کانٹر چیک کرایا جائے گا،ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ ہم موثر گشت کو یقینی بناتے ہوئے قومی شاہراہ سمیت ضلع کی تمام بڑی اور ضمنی سڑکوں کو سنگین وارداتوں سے محفوظ بنائیں گے اوران پر ٹریفک کی کل وقتی روانی کو بھی یقینی بنایا جائے گا کیونکہ محفوظ شاہرات " محفوظ بہاولپور " کی ابتدا ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور